بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

وَمِنۡ شَرِّ حَاسِدٍ إِذَا حَسَدَ

اور حسد کرنے والے کے شر سے جب وہ حسد کرے۔

# نظر بد اور جادو

## سے بچنے کے خاص اذکار


مرتب

ابو الحسن عبد المنان الراسخ

خادم السنة النبوية الشريفة



0300-6686931

Rasikh Rasikh

Abdul Mannan Rasikh



ادارہ کتاب و حکمت فیصل آباد

① صبح شام اور رات کے اذکار میں کبھی ناغہ نہ کریں حتی کہ خواتین اپنے حیض کے دنوں میں بھی پورے اہتمام سے صبح شام اور رات کے اذکار پڑھیں۔

② سورت فاتحہ، آیۃ الکرسی، سورت بقرہ کی آخری دو آیات، سورۃ الکافرون اور آخری تینوں قل کم از کم تین تین بار پڑھ کر بار بار دم کریں۔

③ مندرجہ ذیل ذِکرِ توحید ہر روز 100 مرتبہ پڑھ لیا کریں، آپ ساری زندگی آفات و بلیات، شیطانی اثرات، جادو اور نظرِ بد جیسی تکالیف سے محفوظ رہیں گے۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ

”نہیں ہے کوئی معبود مگر اللہ، وہ اکیلا ہے، کوئی اس کا شریک نہیں، اسی کے لیے بادشاہی ہے اور اسی کے لیے تعریف ہے

اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔'' (دس مرتبہ یا سو مرتبہ صبح وشام)

صحيح البخارى:3293،6404

أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّةِ مِنْ كُلِّ شَيْطَانٍ وَّهَامَّةٍ، وَمِنْ كُلِّ عَيْنٍ لَامَّةٍ

میں تم کو اللہ کے کامل کلمات کے ساتھ ہر شیطان اور زہریلے جانور سے اور ہر لگ جانے والی نظر سے اللہ کی پناہ میں دیتا ہوں۔ (صحيح البخاري: 3371)

أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ

میں ہر اس چیز کے شر سے جسے اللہ نے پیدا کیا، اس کے کامل ترین کلمات کی پناہ میں تجھے دیتا ہوں۔ (صحيح البخاري:58)

أَعُوذُ بِوَجْهِ اللّٰهِ الْعَظِيمِ، الَّذِي لَيْسَ شَيْءٌ أَعْظَمَ مِنْهُ، وَبِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ، الَّتِي لَا يُجَاوِزُهُنَّ بَرٌّ وَلَا فَاجِرٌ، وَبِأَسْمَاءِ اللّٰهِ الْحُسْنٰى كُلِّهَا، مَا عَلِمْتُ مِنْهَا وَمَا لَمْ أَعْلَمْ،

مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ، وَبَرَأَ، وَذَرَأَ

میں تجھے اللہ کے عظمت والے چہرے کی پناہ میں دیتا ہوں جس سے زیادہ عظمت والی کوئی چیز نہیں ہے اور اللہ تعالیٰ کے ایسے کامل کلمات کی پناہ میں دیتا ہوں جن کو کوئی نیک اور بد کراس نہیں کرسکتا اور اللہ کے تمام ناموں کی پناہ میں دیتا ہوں جن کا مجھے علم ہے اور جن کو میں نہیں جانتا ہر اُس چیز کے شر سے جو اُس نے پیدا کی اور پھیلائی ہے۔ (امام موطا:2740)

أَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّاتِ مِنْ غَضَبِهٖ وَعِقَابِهٖ وَشَرِّ عِبَادِهٖ وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِيْنِ وَأَنْ يَّحْضُرُوْنِ (جامع ترمذی:151/3)

میں تجھے اللہ تعالیٰ کے پورے کلمات کے ساتھ اللہ تعالیٰ کے غصے سے، اس کے عذاب سے، اس کے بندوں سے شر سے، شیطانوں کے وسوسوں سے اور اس سے کہ وہ میرے پاس حاضر ہوں اللہ تعالیٰ کی پناہ میں دیتا ہوں۔

نوٹ: کسی دوسرے کو دم کرنے کیلئے ''اَعُوْذُ'' کی جگہ ''اُعِيْذُكَ'' پڑھیں۔

بِسۡمِ اللهِ اَرۡقِيۡكَ، وَاللهُ يَشۡفِيۡكَ مِنۡ كُلِّ دَاءٍ يُّؤۡذِيۡكَ وَمِنۡ كُلِّ نَفۡسٍ اَوۡ عَيۡنٍ حَاسِدٍ اللهُ يَشۡفِيۡكَ، بِسۡمِ اللهِ اَرۡقِيۡكَ (الصحیح لمسلم: 2186)

میں اللہ کے نام کے ساتھ تجھے دم کرتا ہوں اور اللہ تجھے ہر تکلیف دہ بیماری اور ہر روح بد یا حسد کرنے والی آنکھ کی برائی سے شفا دے گا۔ میں اللہ کے نام کے ساتھ تجھے دم کرتا ہوں۔

④ ایک تجربہ کے مطابق مندرجہ ذیل دو آیات بھی پڑھ کر دم کریں:

وَ اِنۡ يَّكَادُ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا لَيُزۡلِقُوۡنَكَ بِاَبۡصَارِهِمۡ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكۡرَ وَيَقُوۡلُوۡنَ اِنَّهٗ لَمَجۡنُوۡنٌ. وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكۡرٌ لِّلۡعٰلَمِيۡنَ

اور وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا یقیناً قریب ہے کہ تجھے اپنی نظروں سے (گھور گھور کر) ضرور ہی پھسلا دیں، جب وہ ذکر کو سنتے ہیں اور کہتے ہیں کہ یقیناً یہ تو دیوانہ ہے۔ حالانکہ وہ تمام جہانوں کے لیے نصیحت کے علاوہ کچھ بھی نہیں۔ (القلم: 51-52)

أَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ الَّتِيْ لَا يُجَاوِزُ هُنَّ بَرٌّ وَلَا فَاجِرٌ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ وَبَرَأَ وَذَرَأَ وَمِنْ شَرِّ مَا يَنْزِلُ مِنَ السَّمَاءِ وَمِنْ شَرِّ مَا يَعْرُجُ فِيْهَا وَمِنْ شَرِّ مَا ذَرَأَ فِي الْأَرْضِ وَمِنْ شَرِّ مَا يَخْرُجُ مِنْهَا وَمِنْ شَرِّ فِتَنِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَمِنْ شَرِّ كُلِّ طَارِقٍ إِلَّا طَارِقًا يَطْرُقُ بِخَيْرٍ يَا رَحْمٰنُ

میں اللہ تعالیٰ کی اس کے پورے کلمات کے ساتھ پناہ پکڑتا ہوں، جن سے نہ کوئی نیک اور نہ کوئی بد تجاوز کر سکتا ہے، ہر اس چیز کے شر جس کو اس نے پیدا کیا ہے اور اسے پھیلایا، اور ہر اس چیز کے شر سے جو آسمان سے اترتی ہے اور آسمان پر چڑھتی ہے اور ہر اس چیز کے شر سے جو زمین پر پھیلائی ہے یا اس سے نکلتی ہے اور تمام لیل و نہار کے فتنوں کی برائی سے اور ہر رات کو آنے والے کی برائی سے مگر وہ رات کو آنے والا جو رات کو بھلائی سے آئے، اے رحم کرنے والے۔

(مسند احمد:119/3 ، سلسلہ احادیث صحیحہ:2978)

اَللّٰھُمَّ رَبَّ السَّمٰوَاتِ السَّبْعِ وَرَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ رَبَّنَا وَرَبَّ كُلِّ شَيْءٍ فَالِقَ الْحَبِّ وَالنَّوىٰ وَمُنْزِلَ التَّوْرَاةِ وَالْاِنْجِيْلِ وَالْقُرْآنِ أَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ كُلِّ شَيْءٍ أَنْتَ آخِذٌ بِنَاصِيَتِهٖ أَنْتَ الْأَوَّلُ فَلَيْسَ قَبْلَكَ شَيْءٌ وَ أَنْتَ الْاٰخِرُ فَلَيْسَ بَعْدَكَ شَيْءٌ وَأَنْتَ الظَّاهِرُ فَلَيْسَ فَوْقَكَ شَيْءٌ وَأَنْتَ الْبَاطِنُ فَلَيْسَ دُوْنَكَ شَيْءٌ

اے اللہ! سات آسمانوں اور عرش عظیم کے رب، ہمارے رب اور ہر چیز کے رب، دانے اور گٹھلی کو پھاڑنے والے تورات انجیل اور قرآن حکیم کے نازل فرمانے والے، میں ہر اس چیز کی برائی سے تیری پناہ پکڑتا ہوں، جس کی پیشانی کو تو ہی پکڑنے والا ہے، تو ہی اول ہے لہٰذا تجھ سے پہلے کوئی شے نہیں تھی تو ہی آخر ہے، لہٰذا تیرے بعد کوئی شے نہیں رہے گی، تو ظاہر ہے لہٰذا تجھ سے بڑھ کر کوئی ظاہر نہیں اور تو ہی باطن ہے، لہٰذا تجھ سے زیادہ کوئی شے پوشیدہ نہیں۔ (الصحیح لمسلم:2084/4)

## ⑤ جادو زائل کرنے کے لیے قرآنی دَم

مندرجہ ذیل آیات اور سورتیں مریض خود پڑھتا رہے یا کوئی دوسرا پڑھ کر مریض کو دَم کرتا رہے اور ایک تجربہ کے مطابق سبز بیری کے سات پتّوں کو کسی چیز سے گھوٹ کر پھر اُن پر اُتنا پانی ڈال لیں جو نہانے کے لیے کافی ہو، پھر اُس پانی پر مندرجہ ذیل آیات اور سورتیں پڑھ کر پھونک دیں اور مریض اُس پانی سے غُسل کر لے اور یہ عمل متعدد بار کرتے رہیں، یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ شفا عطا فرمائیں۔

وَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى اَنْ اَلْقِ عَصَاكَ ۚ فَاِذَا هِيَ تَلْقَفُ مَا يَاْفِكُوْنَ ﴿١١٧﴾ فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿١١٨﴾ فَغُلِبُوْا هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوْا صٰغِرِيْنَ ﴿١١٩﴾ وَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ ﴿١٢٠﴾ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿١٢١﴾

اور ہم نے موسیٰ کی طرف وحی کی کہ اپنی لاٹھی پھینک، تو اچانک وہ ان

چیزوں کو نگلنے لگی جو وہ جھوٹ موٹ بنا رہے تھے۔ پس حق ثابت ہو گیا اور جو کچھ وہ کرتے تھے باطل ہو گیا۔ تو اس موقع پر وہ مغلوب ہو گئے اور ذلیل ہو کر واپس ہوئے، اور جادوگر سجدے میں گرا دیے گئے، کہنے لگے ہم جہانوں کے رب پر ایمان لائے۔ (الاعراف:117،122)

وَقَالَ فِرْعَوْنُ ائْتُوْنِيْ بِكُلِّ سٰحِرٍ عَلِيْمٍ ○ فَلَمَّا جَآءَ السَّحَرَةُ قَالَ لَهُمْ مُّوْسٰٓى اَلْقُوْا مَآ اَنْتُمْ مُّلْقُوْنَ ○ فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَاجِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ○ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ○

اور فرعون نے کہا میرے پاس ہر ماہر فن جادوگر لے کر آؤ، تو جب جادوگر آ گئے تو موسیٰ نے ان سے کہا پھینکو جو کچھ تم پھینکنے والے ہو۔ تو جب انہوں نے پھینکا، موسیٰ نے کہا تم جو کچھ لائے ہو، یہ تو جادو ہے، یقیناً اللہ اسے جلدی باطل کر دے گا، بے شک اللہ مفسدوں کا کام درست نہیں کرتا۔ اور اللہ حق کو اپنی باتوں کے ساتھ سچا کر دیتا ہے، خواہ مجرم برا ہی جانیں۔ (یونس:79،82)

قَالُوْا يٰمُوْسٰٓى اِمَّآ اَنْ تُلْقِيَ وَاِمَّآ اَنْ نَّكُوْنَ اَوَّلَ مَنْ
اَلْقٰى ﴿٦٥﴾ قَالَ بَلْ اَلْقُوْا فَاِذَا حِبَالُهُمْ وَعِصِيُّهُمْ
يُخَيَّلُ اِلَيْهِ مِنْ سِحْرِهِمْ اَنَّهَا تَسْعٰى ﴿٦٦﴾ فَاَوْجَسَ
فِيْ نَفْسِهٖ خِيْفَةً مُّوْسٰى ﴿٦٧﴾ قُلْنَا لَا تَخَفْ اِنَّكَ اَنْتَ
الْاَعْلٰى ﴿٦٨﴾ وَاَلْقِ مَا فِيْ يَمِيْنِكَ تَلْقَفْ مَا صَنَعُوْا ؕ
اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ ؕ وَلَا يُفْلِحُ السَّاحِرُ حَيْثُ
اَتٰى ﴿٦٩﴾ فَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سُجَّدًا قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ
هٰرُوْنَ وَمُوْسٰى ﴿٧٠﴾

کہنے لگے اے موسیٰ! یا تو یہ کہ تو پھینکے اور یا یہ کہ ہم پہلے ہوں جو
پھینکیں۔ کہا بلکہ تم پھینکو، تو اچانک ان کی رسیاں اور لاٹھیاں، اس کے
خیال میں ڈالا جاتا تھا ان کے جادو کی وجہ سے کہ واقعی وہ دوڑ رہی ہیں۔ تو
موسیٰ نے اپنے دل میں ایک خوف محسوس کیا۔ ہم نے کہا نہ خوف کھا بیشک
تو ہی سربُلند رہے گا اور پھینک جو تیرے دائیں ہاتھ میں ہے، نگل جائے

گا، جو انہوں نے بنایا ہے، بے شک انہوں نے جو کچھ بنایا ہے وہ جادوگر کی چال ہے اور جادوگر کامیاب نہیں ہوتا جہاں بھی آئے۔ تو جادوگر سجدے میں گرا دیئے گئے، کہنے لگے ہم ہارون اور موسیٰ کے رب پر ایمان لائے۔ (طٰہٰ:65، 70)

⑥ جس کی نظر لگ جائے اس سے وضو اور غسل کا مستعمل پانی لیکر نظر لگنے والے کے جسم پر پیچھے سے بہا دیں، فوری نظرِ بد اتر جائے گی اور جس کی نظر لگی ہو وہ اپنا مستعمل پانی دینے میں عار محسوس نہ کرے۔

## کسی نجومی کے پاس مت جائیں! وگرنہ....

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اِرشاد فرمایا:

جس نے کسی نجومی کے پاس آکر جادو کے متعلق کوئی سوال کیا تو اُس کی چالیس روز کی نمازوں کو قبول نہیں کیا جائے گا اور نجومی کی تصدیق کرنے والا اللہ تعالیٰ کے نازل کردہ دین سے بری ہے۔

(الصحیح لمسلم: 2230، السنن لأبی داؤد: 3904)

# دیگر اذکار کارڈ

| | |
|---|---|
| پیارے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پیاری نماز | 1 |
| نماز جنازہ کے اذکار | 2 |
| صبح وشام کے اذکار | 3 |
| استغفار کے اذکار | 4 |
| روزمرہ کے اذکار | 5 |
| سفر کے اذکار | 6 |
| قرآنی پیکج | 7 |
| عمرہ کا آسان طریقہ | 8 |
| حج کا آسان طریقہ | 9 |
| سفر آخرت کے اذکار | 10 |

مذکورہ تمام کارڈز موبائل پی ڈی ایف فارمیٹ میں حاصل کرنے

کیلئے رابطہ کریں

+92 300 6686931